www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com




روزنامہ
# سہارا ایکسپریس
رانچی
SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From
Ranchi,Patna & Delhi

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:13 Issue:163 17.06.2024 MONDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:13 شمارہ:163/سوموار/۱۷/جون/۲۰۲۴/مطابق/۱۰/ذی الحجہ ۱۴۴۵ھ/ صفحات:08

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ... بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ


ماشاءاللہ

ماشاءاللہ



عید الاضحیٰ مبارک

اللہ تعالیٰ تمام مومنوں کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے!



محمد وارث
9955150722

محمد اعظم
9431013786

ONLY 22 CT
BIS 91.6
100% हॉलमार्क गहना
100% ہول مارک زیورات

خزانہ جوئیلرس

پروپرائٹر: محمد صابر، محمد یٰسین

مرادپور، پٹنہ-۸۰۰۰۰۴

انجمن اسلامیہ ہال کے سامنے پٹنہ مارکیٹ کے بغل میں

Ph.: 2303206 Mob. 9939588144

नक्कालों से सावधान!

نو برانچ
NO BRANCH

www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com

Urdu Daily Published From Ranchi,Patna & Delhi

روزنامہ سہارا ایکسپریس رانچی

SAHARA EXPRESS,RANCHI

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:13 Issue:163 17.06.2024 **MONDAY** Re.01 Page:08

جلد نمبر:13 شمارہ:163/سوموار/۱۷/جون/۲۰۲۴/مطابق/۱۰/ذی الحجہ ۱۴۴۵ھ/ صفحات:08




عیدالاضحیٰ کے موقع پر کوہ نور جوئیلرس اور زم زم گیسٹ ہاؤس فیملی کی جانب سے پورے بہار کے عوام کو تہہ دل سے مبارکباد



روزنامہ سہارا ایکسپریس رانچی
SAHARA EXPRESS,RANCHI

# عیدالاضحیٰ اور قربانی

مسلمانوں کا تہوار عید الاضحیٰ یا عید قربان پیر کو شروع ہو رہا ہے۔ یہ پیغمبر ابراہیم کی اس قربانی کی یاد میں منایا جاتا ہے جب وہ اپنے بیٹے کو قربان کرنے پر تیار ہو گئے تھے۔ ابراہیم کو عیسائیت اور یہودیت دونوں میں ابراہم کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ ان سے متعلق عقیدہ یہ ہے کہ حضرت ابراہیم نے ایک خواب دیکھا تھا جسے انھوں نے خدا کی طرف سے ایک پیغام کے طور پر لیا جس میں ان سے کہا گیا تھا کہ وہ اپنے بیٹے اسماعیل کو خدا کی اطاعت کرتے ہوئے قربان کر دیں۔ جب انھوں نے بیٹے کو بتایا تو اسماعیل نے اسے قبول کرلیا اور اپنے والد سے حکم کی تعمیل کرنے کو کہا۔ پھر پیغمبر ابراہیم جب اپنے بیٹے کو قربان کرنے والے تھے تو خدا نے انھیں روک دیا اور اس کی جگہ قربانی کے لیے ایک دنبہ بھیجا۔ دنیا بھر کے مسلمان رسمی طور پر مختلف قسم کے مویشیوں کی قربانی دیتے ہیں۔ روایتی طور پر قربانی ان لوگوں پر لازم ہے جن کے پاس ایسی دولت ہے جو ان کی ضرورت سے زیادہ ہے۔ تو دوسرے بڑے مذاہب میں قربانی کے بارے میں کیا تصورات ہیں؟ ہندومت، یہودیت اور عیسائیت میں جانور کی قربانی کو کس طرح دیکھا جاتا ہے؟ برطانیہ کے لیو بیک کالج میں تعلیمی خدمات کے سربراہ ربی گیری سومرز کا کہنا ہے کہ یہودی صحیفوں میں مختلف قربانیوں کی وضاحت کی گئی ہے، جن میں سے ہر ایک کے مخصوص اوقات اور مقامات ہیں۔ وہ کہتے ہیں 'آج کل ہم ان قربانیوں پر عمل نہیں کرتے کیوں کہ جن مقامات پر یہ رسومات ادا کی جاتی تھیں، وہ اب موجود نہیں ہیں۔ اس کے جگہ آج ہم عبادات کے ذریعے ان قربانیوں کو یاد کرتے ہیں۔' ربی ڈاکٹر بریڈلی شیوٹ آرٹسن امریکن یہودی یونیورسٹی کے نائب صدر اور زیگلر سکول آف ربانی سٹڈیز کے ایبنر اینڈ روزلین گولڈسٹائن ڈین ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ 'رومیوں کے ہاتھوں دوسرے ہیکل کی تباہی کے بعد یہودیت میں جانوروں کی قربانی کی اجازت نہیں تھی۔ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ اب اس پر مستقل طور پر پابندی عائد کردی گئی ہے جبکہ کچھ کا خیال ہے کہ مسیح کے آنے کے بعد اسے بحال کر دیا جائے گا۔' یہودیوں کے لیے ہیکل سے مراد ٹیمپل ماؤنٹ ہے جو یروشلم کے پرانے شہر میں ہوا کرتا تھا اور جہاں آج مسجد اقصیٰ ہے۔ یہودی اس یقین کے ساتھ ہیکل کی تعمیر نو کے لیے دعا کرتے کہ وہ وہاں جانوروں کی قربانی دوبارہ شروع کرسکیں۔ مایا تہذیب کی پوشیدہ دنیا تک لے جانے والا غار جہاں انسانی قربانی دی جاتی تھیا گرچہ زیادہ تر یہودی ہیکل کی غیر موجودگی کی وجہ سے جانوروں کی قربانی نہیں کرتے ہیں تاہم یروشلم میں کچھ گروہ جیسے سامری اب بھی فسح کے تہوار کے دوران قربانی کرتے ہیں۔ دوسرے لوگ قربانی کے جانور کے مساوی رقم عطیہ کردیتے ہیں۔ چاہے بھیڑ ہو، بھینس ہو، گائے ہو یا بکری قربانی کا جانور مذہبی طور پر موزوں یا 'کوشر' ہونا چاہیے۔ ڈاکٹر آرٹسن کہتے ہیں 'صرف کوشر جانوروں کو ذبح کرنے کی اجازت تھی جن میں سے کچھ کو قربان گاہ پر جلایا گیا تھا، کچھ کو پادریوں کے اہل خانہ کو دیا گیا تھا اور کچھ کو قربانی دینے والوں اوران کے اہل خانہ نے کھا لیا تھا۔' اگرچہ براہ راست قربانی عام نہیں ہے لیکن گوشت کا استعمال بہت سے تہواروں کا لازمی حصہ ہے۔ جانوروں کی قربانی کے لیے یہودی رسومات متنوع ہیں اور قربانی کے مقصد کے مطابق مختلف ہیں۔ اس سے قبل یہودیت کے تین مذہبی تہوار پیسا (فسح)، شووت (تہواروں کا ہفتے) اور سلکوٹ (خیموں کا تہوار) جانوروں کی قربانی کے حوالے سے اہمیت رکھتے تھے۔ برطانیہ کے لیو بیک کالج میں تعلیمی خدمات کے سربراہ ربی گیری سومرز بتاتے ہیں کہ دیگر تہواروں جیسے روش ہشانہ (یہودی نیا سال) اور یوم کپور (کفارہ کا دن) میں بھی جانوروں کی قربانی شامل ہے۔ پیغمبر ابراہیم کی قربانی کا قصہ یہودی صحیفوں میں بھی ملتا ہے۔ تاہم، جانوروں کی قربانی کرنے کا حکم بعد میں آیا اور یہودیوں کے لیے تھوڑا سا مختلف تھا۔ ڈھاکہ میں کافرل کیتھولک چرچ کے پادری ڈاکٹر پروشنتو ٹی ریبیرو کہتے ہیں کہ 'عہد نامہ قدیم کی کتابیں، خاص طور پر لیوی 17 اور ڈیوٹرو رومنی میں اس بات کی تفصیل دی گئی ہے کہ جانوروں کی قربانی کس طرح کی جاتی ہے۔ عموماً یہ تہواروں کے دوران صبح یا شام کے اوقات میں کی جاتی تھی۔' اس زمانے میں توبہ اور گناہوں کی مغفرت کی امید میں جانوروں کی قربانی کی جاتی تھی لیکن اس رواج پر اب مذہبی طور پر عمل نہیں کیا جاتا کیونکہ مسیح کی موت کو آخری قربانی کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ عیسائیت میں حضرت عیسیٰ کو 'خدا کا میمنا' قرار دیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر ریبیرو کا کہنا ہے کہ یہودی تعلق کے علاوہ عیسائیت میں خالق کے نام پر جانوروں کی قربانی کی کوئی روایت نہیں تھی۔ تاہم گوشت کے استعمال پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ بہت سے ممالک میں یہودیوں کے تہوار فسح کے موقع پر بھیڑ کا گوشت کھانا روایت ہے اور ریبیرو کے مطابق اٹلی میں ان کے قیام کے دوران ایسٹر سے پہلے بھیڑ کا گوشت کھانا تقریباً لازمی محسوس ہوا۔ تاہم مذہبی مقاصد کے لیے جانوروں کی قربانی کی یہودی روایت کی طرح عیسائیت میں قربانی کا کوئی رواج نہیں ہے۔

# ''کاش لوگ اپنی بیٹیوں کی شادی وقت پر کرتے تو۔۔۔۔''

قیصر محمود عراقی، کریگ اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔۵۸۔ موبائل: 6291697668



یہ جو کہانی ہے یہ ہمارے معاشرے کی ہی کہانی ہے۔ ہوتا کیا ہے کہ ایک دن میری ملاقات میرے ایک بہت ہی اچھے دوست اور اس کے والد صاحب سے ہوتی ہے۔ دوست کے والد مجھے اپنے بیٹے کی وجہ سے جانتے ہیں، سلام ودعا، تھوڑی گپ شپ اور ادھر ادھر کی باتیں ہوتی ہیں، جیسے ہی وہ بات ختم کرتے ہیں ان کے چہرے پر ایک عجیب سی پریشانی ظاہر ہوتی ہے۔ میں وجہ پوچھتا ہوں تو پہلے تو وہ نہیں بتاتے لیکن میرے اصرار پر کہنے لگتے ہیں کہ میری بیٹی کی شادی ہورہی ہے، مجھے تھوڑی ہچکچاہٹ ہوتی ہے لیکن پھر کہتا ہوں کہ یہ تو بہت ہی خوشی کی بات ہے پھر آپ افسردہ کیوں ہیں؟ وہ بتانے لگے کہ لوگ بیٹی کی شادی پر خوش ہوتے ہیں لیکن میں بہت افسردہ ہوں۔

میں نے ان کو تفصیل سے بولنے کا کہا، انہوں نے کہا کہ بیٹی کو اعلیٰ تعلیم دلوائی اور اس کے بہتر مستقبل کیلئے دن رات محنت کی، ہر ماں باپ کی خواہش ہوتی ہے کہ بیٹی جس گھر میں بھی جائے خوش رہے۔ ابھی میری بیٹی کی عمر بیس یا بائیس سال ہی تھی کہ گھر میں اچھے اچھے رشتے بھی آنے لگے لیکن ہم نے غفلت برتی کہ ابھی عمر ہی کیا ہے بیٹی کی؟ اب جیسا کہ سب جانتے ہیں کہ لڑکی کو شادی کر کے گھر بسانا ہوتا ہے کیوں کہ لڑکی کا اصل گھر تو وہی ہوتا ہے جہاں اس کی شادی ہوتی ہے۔ اسی دوران بیٹیوں والوں کے گھر رشتے آتے ہیں لیکن لوگوں کی طرح ہم بھی اسٹیٹس دیکھتے رہے اور وقت آہستہ آہستہ گذرتا رہا، بہت سے رشتے آئے لیکن ہم کوئی نہ کوئی وجہ بنا کر اسے رجکٹ کرتے رہے کہ یہ ہماری بیٹی کے قابل نہیں ہے۔ آج اس کی عمر تیس برس ہوچکی ہے اور بہت جتن کرنے کے بعد ایک رشتہ ملا، اس شخص کی عمر لگ بھگ چالیس برس تھی، ہم مجبور تھے اور پریشان حال بھی، اسی لئے رشتہ پکا کر دیا کہ بیٹی اپنا گھر بسائے، لیکن قسمت میں کچھ اور ہی لکھا تھا کہ شادی سے چند دن پہلے ہی بیٹی گھر سے بھاگ گئی اور معلوم ہوا کہ اسے یہ رشتہ منظور نہیں تھا۔ ماں نے سمجھایا کہ تم گھر واپس آجاؤ، جیسا تم کہوں گی ویسا ہی کرینگے، خیر وہ سمجھ جاتی ہے اور گھر واپس آجاتی ہے، لڑکے والے کو اس کے بھاگنے کی خبر مل جاتی ہے تو وہ رشتہ خود ہی ختم کردیتے ہیں، بیٹی کی خواہش تو پوری ہوجاتی ہے لیکن ہماری پریشانی بڑھ جاتی ہے کہ اب کیا ہوگا؟ وہ تھوڑی دیر چپ رہے تو میں نے ان کو تسلی دی اور اللہ بہتر کریگا کہنے میں ہی عافیت جانی۔

یہ تو میرے دوست کے گھر کی کہانی ہے لیکن ہماری سوسائٹی میں بہت سارے ایسے لوگ جو اسٹیٹس کے چکروں میں پڑ جاتے ہیں اور اپنی بیٹیوں کے مستقبل کو تباہ کرتے ہیں۔ وقت پر شادی نہ ہونے کی وجہ سے لڑکی اپنے گھر والوں سے بغاوت کر بیٹھتی ہے جس سے ماں باپ کو رسوائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کے لئے معاشرے میں دشوار ہوجاتا ہے، لوگ طرح طرح باتیں کرتے ہیں اور وقت سے بعد میں شادی کرنے سے ایک مسئلہ یہ بھی ہوتا ہے کہ اولاد کا نہ ہونا اور اگر اولاد نہ ہو تو قصوروار لڑکی کو ٹھہرایا جاتا ہے، سسرال میں اس کی عزت نہیں کی جاتی، اسے ہر وقت احساس کمتری کا شکار کیا جاتا ہے، اس کی زندگی اجیرن کردی جاتی ہے اور بات یہاں تک پہنچ جاتی ہے کہ اسے طلاق کا کاغذ دیکر واپس ان کے ماں باپ کے گھر بھیج دیا جاتا ہے، تب ماں باپ یہ ضرور سوچنے لگتے ہیں کہ کاش ہم اپنی بیٹی کی شادی وقت پر کردیتے تو یہ وقت نہ دیکھنا پڑتا۔ اس لئے ہر والدین اور بھائی کو چاہئے کہ جیسے ہی لڑکی شادی کے قابل ہوجائے فوراً سے پیشتر اس کا رشتہ طے کردیں، لڑکا اگر خود کفیل ہو، مہذب ہو، سلیقہ شعار ہو اور محنت کش ہو تو یہ نہ دیکھیں کہ وہ غریب ہے، اس کی آمدنی کم ہے، اس کے پاس کرائے کا گھر ہے، وہ سہولت نہیں جو وہ میری بیٹی کو دے سکے یہ سب نہ دیکھیں، بلکہ یہ دیکھیں کہ وہ آپ کی دختر نیک اختر کو خوش رکھ سکتا ہے یا نہیں، ورنہ کبھی کبھی تو اسٹیٹس والے بھی، امیر گھرانے کے چشم و چراغ بھی وہ خوشی نہیں دے سکتے جو ایک معمولی گھرانے کا لڑکا دے سکتا ہے۔

قارئین محترم! میں نے اکثر دیکھا ہے کہ جس لڑکے کو ٹھکرایا گیا صرف اس بات پر کہ اس کی آمدنی کم اور اس کا اپنا گھر نہیں ہے لیکن جونہی وہ لڑکا تین سال عرب میں گذار کر آیا پھر اسی لڑکے کے گھر کا چکر کاٹا جاتا ہے اور اپنی بیٹی کا رشتہ اس گھر میں کرنا باعث فخر سمجھا جاتا ہے۔ امیر کبیر تو خیر غریب گھرانے کے لڑکے کو پتہ تک نہیں دیتے مگر غریب گھرانے کے لوگ بھی اپنی بیٹی کا رشتہ طے کرتے وقت دیکھتے ہیں کہ لڑکے کی سرکاری نوکری ہے یا نہیں، اپنا کاروبار ہے یا نہیں، اپنا گھر ہے یا نہیں بھلے ہی وہ خود کرائے کے مکان میں رہتے ہیں اب جب کہ اتنی ساری خوبیاں ایک لڑکے میں تلاش کرینگے تو لڑکے والے بھی جہیز کی شکل میں گھر سجا کر اور نقدی رقم طلب کرینگے تب آپ کہاں جائینگے؟ کل تک لڑکا غریب تھا، اپنا گھر نہیں تھا تو اپنی لڑکی کا رشتہ طے کرنا پسند نہیں تھا آج لڑکے کے پاس اچھی نوکری ہے، دیارِ غیر میں رہتا ہے، اپنا گھر بنالیا ہے اب اگر ایسے میں اس نے جہیز مانگ لیا یہی بیٹی والے کہتے ہیں کہ کل تک غریب تھا اور آج ذرا سی دولت کیا آگئی کہ اپنی قیمت کو بڑھا دیا، اپنی غریبی کے دن بھول گیا، لگتا ہے دولت آنے کے بعد یہ لوگ اپنے پرانے دن بھول گئے تبھی غریب گھر کی خوبصورت بیٹی اسے نظر نہیں آتی اسے تو صرف جہیز چاہئے۔

الغرض والدین سے یہی گذارش کرونگا کہ اچھا رشتہ جیسے ہی گھر پر آئے تھوڑی سی تحقیق کے بعد اس رشتے کو قبول کرلیں، زمانے بھر کی نقوص تلاش نہ کریں کیوں کہ کوئی بھی انسان عیب سے خالی نہیں ہوتا۔ خدارا ابھی بھی وقت ہے آپ ابھی سے سوچیں اور اپنی بیٹی کے لئے اچھا فیصلہ کریں تاکہ بعد میں آنے والا وقت آپ کے لئے خوشیاں لائے۔

# سیدنا حضرت اسمٰعیلؑ کی قربانی اور ہمارے معاشرے کی قربانی

محمد شاہ عظمت اللہ ابوسعید ،، کنوینر، اقتصادی امور، ال انڈیا ملی کونسل، بہار رابطہ نمبر: 9155471916

انسانی تاریخ جتنی قدیم ہے، قربانی کی تاریخ بھی تقریباً اتنی ہی قدیم ہے، انسانی تاریخ میں سب سے پہلی قربانی آدم علیہ والسلام کے دو بیٹوں ہابیل اور قابل کی قربانی ہے، قرآن کریم نے اس قربانی کو اس طرح ذکر کیا۔ ترجمہ: اور انہیں آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کا قصہ بھی ٹھیک ٹھیک سنا دیجئے جب ان دونوں نے قربانی کی تو ایک کی قربانی قبول ہوئی اور دوسرے کی قبول نہیں ہوئی۔ (سورۃ المائدہ)

دراصل ایک نے جس کا نام ہابیل تھا، دل کی آمادگی سے اللہ کی رضا کی خاطر بہترین دنبے کی قربانی پیش کی اور دوسرے نے جس کا نام قابیل تھا، بے دلی سے ناکارہ غلے کا ایک ڈھیر پیش کردیا۔ ہابیل کی قربانی کو آسمانی آگ نے جلا ڈالا اور یہ مقبولیت کی علامت تھی۔ یہ تو انسان کی پہلی قربانی تھی لیکن ہم جو ہر عید قرباں پر جانوروں کی قربانی کرتے ہیں، یہ حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کی قربانی کی یادگار ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام جلیل القدر نبی و پیغمبر ہیں۔ اولاد آدم کی سب سے عظیم قربانی سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں دیکھا تھا کہ میں اپنے بیٹے اسماعیلؑ کو ذبح کر رہا ہوں۔ نبیوں کا خواب سچا اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہوتا تھا، چناں چہ صبح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام سے فرمایا: بیٹے میں نے ایک خواب دیکھا ہے جس میں میں اپنے ہاتھ سے تجھے بحکمِ الٰہی ذبح کر رہا ہوں۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے اس قربانی کا ان الفاظ میں ذکر فرمایا ہے۔ ترجمہ: اے میرے بیٹے میں دیکھتا ہوں خواب میں کہ میں آپ کو ذبح کرتا ہوں پس بیٹا آپ کی کیا رائے ہے؟ بیٹے نے کیا ہی خوب جواب دیا۔ ابا جان، آپ کو جو حکم ہوا ہے، اس پر عمل کرگزریے، آپ مجھے انشاء اللہ صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔ ((سورۃ الصافات)

چناں چہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو مکہ مکرمہ سے لے کر چلے اور منیٰ میں ذبح کرنے کی نیت سے ایک چھری ساتھ لی، جب منیٰ میں داخل ہونے لگے، آپؑ کے بیٹے کو شیطان بہکانے لگا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پتہ چلا تو شیطان کو ''اللہ اکبر'' کہہ کر سات کنکریاں ماریں جس کی وجہ



سے وہ زمین میں دھنس گیا دونوں باپ بیٹے آگے بڑھے تو پھر زمین نے اسے چھوڑ دیا کچھ دور جا کر شیطان پھر بہکانے لگا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پھر اسے ''اللہ اکبر'' کہہ کر سات کنکریاں ماریں وہ پھر زمین میں دھنس گیا، یہ دونوں آگے بڑھے زمین نے اسے چھوڑ دیا تو یہ شیطان پھر سے ورغلانے لگا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پھر اسے ''اللہ اکبر'' کہہ کر سات کنکریاں ماریں پھر وہ زمین میں دھنس گیا اس کے بعد آگے بڑھ کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو پیشانی کی بل لٹادیا۔

ایک بزرگ نے فرمایا تیسری دفعہ شیطان عورت کی شکل میں حضرت ہاجرہؓ کے پاس آیا اور کہا تمہیں معلوم ہے یہ اسماعیل کو کہاں لے کر گئے ہیں؟ حضرت ہاجرہؓ نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے دوست سے ملنے گئے ہیں؟ تو شیطان نے کہا وہ تو اسے ذبح کرنے لے گئے ہیں۔ حضرت ہاجرہؓ نے فرمایا: ایسا نہیں ہوسکتا تو شیطان خبیث کے منہ سے نکل گیا، اللہ کا حکم ہے۔ حضرت ہاجرہؓ کا جواب یہ تھا: اگر اللہ نے حکم دیا ہے تو ایک اسماعیل کیا سوا اسماعیل بھی قربان ہیں۔

اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹادیا، ابھی ذبح کرنے نہ پائے تھے کہ آسمان سے ندا آئی ''یا ابراہیم قد صدّقت الرّؤیا''۔ یعنی اے ابراہیم تم نے اپنا خواب سچا کر دکھایا، پھر اللہ نے ایک مینڈھا بھیجا جسے اپنے بیٹے کی جانب سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ذبح کردیا۔ ذبح تو کیا مینڈھا اور ثواب مل گیا بیٹے کی قربانی کا۔

اسی قربانی کی یادگار میں اہلِ ایمان ہر سال جانوروں کے قربانی کرتے ہیں۔ حج کے موقع پر جو کنکریاں ماری جاتی ہیں، ان کی ابتدا بھی اسی واقعے سے ہوتی ہے، حجاج ان ہی تین جگہوں پر کنکریاں مارتے ہیں، جہاں شیطان زمین میں دھنس گیا تھا، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جانوروں کی قربانی کرنا عبادت میں شمار ہوگیا۔ چناں چہ حضرت محمد ﷺ کی امت کے لیے بھی قربانی مشروع کی گئی، ہر صاحب حیثیت پر قربانی واجب ہے اور اگر کسی کی اتنی حیثیت نہ ہو اور وہ قربانی کردے، تب بھی عظیم ثواب کا مستحق ہوگا۔

قربانی کی فضیلت واہمیت: ۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا کہ رسول اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ میں دس سال قیام فرمایا اور ہر سال پابندی سے قربانی فرماتے تھے۔ (مشکوٰۃ)

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: بقرعید کے دن قربانی کا خون بہانے سے بڑھ کر کوئی عمل اللہ کے نزدیک محبوب نہیں ہے اور بلاشبہ قربانی کرنے والا قیامت کے دن اپنی قربانی کے سینگوں، بالوں اور کھروں کو لے کر آئے گا (یعنی یہ حقیر اشیاء بھی اپنے وزن اور تعداد کے اعتبار سے ثواب میں اضافہ وراضافہ کا سبب بنیں گی اور (یہ بھی) فرمایا کہ بلاشبہ قربانی کا خون زمین پر گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے نزدیک درجہ قبولیت حاصل کرلیتا ہے، لہٰذا خوب خوش دلی سے قربانی کرو۔ (مشکوٰۃ)


حضرت زید بن ارقمؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول ﷺ یہ قربانیاں کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارے والد حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے، صحابہؓ نے عرض کیا، ہمارے لیے اس میں کیا ثواب اور اجر ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر بال کے بدلے ایک نیکی ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا، اگر اون والا جانور ہو (یعنی دنبہ ہو جس کے بال بہت ہوتے ہیں) اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے بھی ہر بال کے بدلے ایک نیکی ہے۔ (مشکوٰۃ)

مذکورہ احادیث مبارکہ سے معلوم ہوا عید الاضحیٰ کے دن قربانی کرنا، اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین عمل ہے، پس جو عمل محبوب حقیقی کو محبوب ہو، اسے کس قدر محبت اور اہتمام سے کرنا چاہیے، اس دن قربانی کرنا ہمیں اللہ سے کتنا قریب لے جائے گا اور ہم پر سے کتنی مصیبتیں ٹل جائیں گی، اس کا اندازہ لگانا بھی مشکل ہے، اگر ان تین دنوں میں کوئی شخص واجب قربانی نہ کرے اور اس کے بجائے سونا چاندی خرچ کرے اللہ کے راستے میں یا درہم و دینار خرچ کرے یا اور خیر خیرات کے کام کرے، رفاہی اداروں میں رقم دے، یہ اللہ کو پسند نہیں، سوائے اس کے کہ قربانی کے جانور کے گلے پر چھری پھیرے، قربانی کے دنوں میں اللہ کو اولاد آدم کا یہ عمل بے حد محبوب ہے۔

جس مقصد کے تحت اللہ نے یہ قربانی واجب فرمائی تھی، آج اس کے بالکل بر خلاف کہنے والے یہ کہہ رہے ہیں کہ! قربانی کیا ہے یہ قربانی (معاذ اللہ) خوامخواہ رکھ دی گی ہے، لاکھوں روپیہ خون کی شکل میں نالیوں میں بہہ جاتا ہے اور یہ عمل معاشی اعتبار سے نقصان دہ ہے، جانور کم ہوجاتے ہیں، لہٰذا قربانی کرنے کے بجائے یہ کرنا چاہیے کہ جو لوگ غریب ہیں، بھوک سے بلبلا رہے ہیں تو قربانی کا گوشت تقسیم کرنے کے بجائے وہ روپیہ پیسہ غریب کو دیا جائے، تاکہ اس کی ضروریات پوری ہوجائیں۔ یہ پروپیگنڈا اتنی کثرت سے کیا جارہا ہے کہ پہلے زمانے میں تو صرف ایک مخصوص حلقہ تھا جو یہ باتیں کرتا تھا، لیکن اب یہ حالت ہوگئی ہے کہ شاید ہی کوئی دن خالی جاتا ہو جس میں کم ازکم دو چار افراد یہ بات نہ پوچھ لیتے ہوں کہ اگر ہم قربانی نہ کریں اور وہ رقم غریبوں میں تقسیم کردیں تو اس میں کیا حرج ہے؟ یہ خود ساختہ فلسفہ قرآن وسنت اور اسلامی تعلیمات کے صریح خلاف ہے۔ اسلامی شریعت کے مطابق قربانی کے دنوں میں قربانی سے بڑھ کر اللہ کے نزدیک کوئی عمل محبوب اور پسندیدہ نہیں۔



چودھری محمد صلاح الدین پراوٹ آئی ٹی آئی منظور شدہ بھارت سرکار سمری بختیار پور
ضلع سہرسہ بہار کی طرف سے تمام عالم اسلام کو عیدالاضحیٰ کی پرخلوص مبارکباد پیش کرتے ہیں
محشر عالم پرنسپل۔سی ایم ایس رانی باغ سمری بختیار پور




**HAFEEZ TOUR AND TRAVEL**
حفیظ ٹور اینڈ ٹریول
A/16 ADISON ARCADE, FRASER ROAD, OPP. DOOR DARSHAN, PATNA-1
TOUR THE WORLD IN COMFORT

| UMRAH GROUP | | BAGHDAD ZEYARAT |
|---|---|---|
| 24 JULY 2024 98,990/- SAUDI AIRLINES DELHI TO DELHI | 21 AUG 2024 98,900/- SAUDI AIRLINES DELHI TO DELHI | OCTOBER 2024 Rs.1,10,990/- PATNA TO PATNA<br>حسب ضرورت عمرہ پیکج بھی دستیاب ہے۔ |


Makkah Hotel Within 350-400 Mtr DAR AL KHALIL AL RUSHAD
Package Includes: Accommodation, Visa, Ticket, Laundary, Zamzam, Badar Zeyarat, Transportation, Food, Tour Assistance
Madina Hotel Within 100-150 Mtr. REYAZ AL ZAHRA
9386899468 / 7903121049 / 9507677786 / 9471655574

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ARARIYA 9852382797 QARI NEYAZ | SHIEKHPURA 7909023878 EJAZ ABEDIN | PHULWARI 9334735020 ARSHAD ANSARI | DAUDNAGAR 7870055339 KHALIQ ANSARI | PATNA CITY 9905290636 Md.GUDDU |
| SAHARSA 9471256814 RAHMAT HUSSAIN | GAYA 6203063202 MD IDRIS | CHAPRA 8294537315 ZAID | AARAH 7838829811 YASIR ABID | MOTIHARI 6204363715 MD SAIFULLAH |
| JEHANABAD 7903205815 FAROOQ ANSARI | HYDERABAD 9000007663 MURAD SHAIKH | DELHI 9313452368 ABDUL JABBAR | LUCKNOW 7007430109 MD FAROOQUE | KOLKATA 9874795786 MD.USMAN |

تمام اہل وطن بالخصوص مسلمانوں اور علی نگر اسمبلی حلقہ ضلع دربھنگہ کی عوام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے عیدالاضحیٰ مبارک
ہو دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عیدالاضحیٰ کی حقیقی خوشیوں کے ساتھ ہمارے ملک میں امن وامان، سلامتی، خوشحالی، اتحاد واتفاق
قائم رکھے اور ملک وملت اور آئین کی حفاظت کے لیے ہر ممکن قربانی پیش کرنے کا جذبہ پیدا فرمائے آمین
منجانب۔ڈاکٹر محمد نسیم اعظم صدیقی سابق ایم ایل اے امیدوار علی نگر اسمبلی حلقہ ضلع دربھنگہ

सारे जहाँ से अच्छा हिन्दोस्तां हमारा। हम बुलबुलें हैं इसकी वह गुलिस्तां हमारा।।
मज़हब नहीं सिखाता आपस में बैर रखना। हिन्दी हैं हम वतन है हिन्दोस्तां हमारा।।

**भाईचारा विकास जागरूकता अभियान**
بھائی چارے کی ترقی سے متعلق بیداری مہم
THE POWER OF UNITY
शानदार शुरुआत
शिक्षा,स्वास्थ्य,भाईचारा, अमन चैन और यूथ के विकास के लिए
भाईचारा विकास जागरूकता अभियान से जुड़े



ڈاکٹر نسیم اعظم صدیقی
77392 35346
संस्थापक:-
डॉ० नसीम आज़म सिद्दीकी
पूर्व सदस्य जिला उपभोक्ता न्यायालय, दरभंगा

SCHOLARSHIP UPTO 100%
Helpline 8010-786-787
RoseMine EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST
We Have A Dream to Educate You...
RMECT ESTD.-2005
REGD. BY : INDIAN TRUST ACT. 1882 (GOVT. OF INDIA)
روز مائن
रोजमाईन
www.rosemine.in
roseminegroup@gmail.com
/rosemineofficial
आपके 100% तक कॉलेज फीस की जिम्मेदारी ट्रस्ट की है।
हमारे मिशन 'संकल्प' में शामिल हों।
MEDICAL → BDS - 5 Year, PHARM.D - 6 Year
• 1 Lakhs Per Year 50% Scholarship
• 4 Lakhs Fifty Thousand for Full Course Without Hostel Fee
PARA-MEDICAL → B.SC NURSING, B.SCC OTT, ALL BRANCH
• 1000% Scholarship सिर्फ रहने और Exam Fees 80000 से 86000 Per Year




AWAIS AMBER
NATIONAL CAREER COUNSELOR CEO & FOUNDER
SOCIAL ACTIVIST, ROSEMINE EDUCATIONAL TRUST
REG. OFF. (PATNA) : OPP. NEW PASSPORT OFFICE, ASHIANA DIGHA ROAD, NEAR KOTAK MAHINDRA BANK & ATM BUILDING, PATNA, (BIHAR) 9204-786-787

**Gulab Jewellers**
Gulab Tower Bakerganj,Patna-800 004




गुलाब ज्वेलर्स
Tejaswi Kr. Kr.Sarraf
Mob:-7870075608
SINCE 1977 GULAB JEWELLERS
گلاب جوئیلرس
ONLY 22 CT BIS 91.6 (100% हॉलमार्क गहना) ہول مارک زیورات
गुलाब टॉवर,बाकरगंज,पटना-800004
E-Mail:gulabjewellers157@gmail.com
Deals in Gold,Silver,Daimond,Platinum,Hallmark18ct.&22ct Jewellery






## نیشنل ہیومن رائٹس سوشل جسٹس کونسل کے ڈائریکٹر جنرل ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی کی قوم کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد

نئی دہلی، پریس ریلیز۔ میں ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی ڈائرکٹر جنرل نیشنل ہیومن رائٹس سوشل جسٹس کونسل آف انڈیا اور ورلڈ وائڈ ہیومینٹی کمیشن کے عالمی چیئرمین نے قوم کو عید الاضحیٰ کی مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ کو عیدالاضحیٰ کی بہت بہت مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ آپ کے نیک اعمال کو قبول فرمائے، آپ کی خطاؤں اور گناہوں کو معاف فرمائے، اور دنیا بھر کے تمام لوگوں کے دکھوں کو آسان فرمائے۔ بقرہ عید مبارک!" اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی صفوں میں اتحاد کو فروغ دے اور ہندوستان میں بھائی چارے اور بھائی چارے کو مزید فروغ دے بیان میں ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی نے کہا کہ اس دن ہمیں اپنی خوشیوں میں پسماندہ لوگوں کو شامل کرنا چاہیے۔ اپنے وسائل کو ضرورت مند لوگوں کے ساتھ بانٹنے سے بہتر کوئی عمل نہیں۔ ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ سب کی بھلائی کے لیے دعا کریں اور اپنے لیے برکت حاصل کریں۔ انہوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ رواداری اور بھائی چارے کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے تمام مذہبی تعلیمات میں موجود محبت، پیار، بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے بنیادی اصولوں پر عمل کریں۔ پریس ریلیز کے آخر میں ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی نے کہا کہ یہ عید الاضحیٰ ہماری زندگیوں میں اچھی خبریں، برکتیں، خوشیاں اور امن لائے۔ آمین








हाफिज डॉ.तौसीफ़ अहमद,
शाहपुर पुपरी,सीतामढ़ी






अबरार नोमानी जिला संवादाता न्यूज़ इंडो गल्फ,सीतामढ़ी





پرنٹر پبلیشر، پروپرائٹر، ایڈیٹر، قمرالعابدین نے کوالیٹی پریس ہند پیڑھی رانچی سے چھپوا کر کے۔بی ٹاور ملاح ٹولی، تیواری ٹینک روڈ رانچی سے شائع کیا
Owner,Publisher,Printer & Editor Qamrul Abdin Printed at Quality Press Hindpiri Ranchi,& Publisheng From K.B.Tower Mallah Toli,Tiwari Tank Road, Ranchi,Pin.834001(Jharkhand) Mob. 9334346898


NATIONAL HUMAN RIGHTS
( Social Justice Council ) India
GLOBAL WWAO
Incorporated under the legislation of
GOVT. OF INDIA
Eid
AL- ADHA
MUBARAK
EID UL
ADHA
MUBARAK
NATIONAL HUMAN RIGHTS SOCIAL JUSTICE COUNCIL OF INDIA GLOBAL
INTERNATIONAL HUMANITY UNIVERSITY (IHU)
DESH KA VIKAS (NGO)
WESSO(NGO)
RSSS
NATIONAL SOCIAL JUSTICE COMMISSION
SPORTS AND CULTURAL ASSOCIATION SOCIETY
WORLDWIDE HUMANITY COMMISSION (WHC)
Wishing you a wonderful Eid filled with love, laughter, and countless blessings.


Mediwell Hospital
Kadru, Ranchi
Eid Ul Adha Mubarak.
May Allah grace you & your family with His heavenly blessings and reward you abundantly for your Holy Sacrifice!


أضحى
مبارك
عيدكم مبارك، أعاده الله عليكم
بالبركة والخير والسعادة
Mohammad Umar
Director (Admission)
UNIVERSITY OF SOUTH ASIA
H 120, Gagarina Street, Tokmok City, Kyrgyzstan
Phone : +996709304643
Whatsapp : +919555962978


HAPPY Eid Mubarak
UNIVERSITY OF SOUTH ASIA
TOKMOK KYRGYZSTAN
MBBS-MD
• 5.5 Years Duration
• English Medium
• Modren Infrastructure
• Latest Technology
• International Teachers
• WHO, ECFMG, NMC APPROVED
TUITION FEE
Tuition Fee of University is 1600$ per Semester.
Hostel 400$ per Semester.
DIRECT ADMISSION IN COLLEGE
NO CONSULTANCY CHARGE
EASY PROCEDURE
Contact :
Mohammad Umar
Director (Admission)
H 120, Gagarina Street, Tokmok City, Kyrgyzstan
IN INDIA CONTACT :
301 H15 A, Abul Fazal Enclave Jamia Nagar Okhla
ND - 110025
Ph : +91 9312262978 / +91 9555962978